# ALL MEMON

## WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD.

### MANAGING COMMITTEE OF SOCIETY FOR THE YEAR 2016-2017

1. Mr. Muhammad Hanif Sultani .................... President
2. Mr. Khurram Jalal .................................... Vice President
3. Mr. M.Yousuf Abdullah .............................. Gen. Secretary
4. Mr. Ghulam Hussain Habib ........................ Member
5. Mr. Abdul Wahid Musa .............................. Member
6. Haji Abdul Razzak Memon ......................... Member
7. Mr. Muhammad Munir Qadri ...................... Member
8. Mr. M. Zubair A. Ghaffar ............................ Member
9. Mr. M. Arif Suriya ...................................... Member
10. Mr. Muhammad Iqbal Ghani ...................... Member
11. Mr. Nadeem Habib (Co-opted) ................... Member

MEMON NAGAR, SECTOR 13-A & 15-A, SCHEME-33, KARACHI.

CamScanner

# آل میمن ویلفیئر
# کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی




# 47th ANNUAL REPORT
## 2017-2018

## آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

کی مجلس انتظامیہ نے اپنے رجسٹرڈ آفس

ST-4، سیکٹر 13-A، میمن نگر، اسکیم 33، گلزار ہجری، کراچی سے جاری کیا۔

سوسائٹی آفس فون: 021-34656717

CS CamScanner






CamScanner




# In The Name Of ALLAH
## The Most Gracious, The Most Merciful

CamScanner



# خطاب

محمد حنیف سلطانی
صدر سوسائٹی

معزز اراکین انتظامیہ کمیٹی
اور قابلِ احترام میمن نگر کے رہائشی/ الاٹیز
السلام علیکم

اللہ تعالیٰ کی کرم نوازی ہے کہ میں آج سوسائٹی کے 47 ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر آپ سے مُخاطب ہوں میمن نگر سیکٹر 13-A اور 15-A کے تمام رہائشی / الاٹیز حضرات ہمارے لئے یکساں اہمیت رکھتے ہیں اور ہم اُن کی خدمت کے لئے ہمیشہ کمر بستہ رہتے ہیں! میمن نگر کے دونوں سیکٹرز کے ترقیاتی کاموں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانا انتظامیہ کمیٹی کی ترجیحات میں شامل ہے، گزشتہ جنرل باڈی میٹنگ کے دوران انتظامیہ کمیٹی نے آپ سے وعدہ کیا تھا کہ سیکٹر 15-A کے اندر سڑکوں کا کام جلد شروع کر دیا جائے گا اور اس وقت اللہ کے فضل وکرم سے یہ کام تکمیل کے مراحل طے کر رہا ہے، اس سے قبل سیکٹر 15-A میں پانی کی نئی لائنیں بھی ڈلوائی گئی ہیں، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اس کوشش کو پایۂ تک پہنچانے میں تاخیر کا شکار رہے مگر

ہوئی تاخیر تو کچھ باعثِ تاخیر بھی تھا......

اس ترقیاتی کام کے سلسلے میں اگر رہائشیوں کو تکلیف ہوئی ہو اور کسی رہائشی کا مالی نقصان ہوا ہو تو اس پر ہم معذرت خواہ ہیں، ہم اُمید کرتے ہیں کہ نادانستگی میں ہوئی ہماری کسی بھی کوتاہی کو نظر انداز کر کے آپ فراخ دلی کا ثبوت دیں گے!

ہم سب اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ ایسے ترقیاتی کاموں کے لئے وافر سرمایہ درکار ہوتا ہے لہٰذا آپ سب پلاٹ ہولڈرز/ رہائشی حضرات سے درخواست ہے کہ اپنے ذمے واجبات جلد از جلد ادا کر کے سوسائٹی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کا مُظاہرہ کریں! شکریہ

اللہ تعالیٰ آپ سب کا حامی و مددگار ہو! آمین

صدر سوسائٹی

CamScanner



اعزازی جنرل سیکریٹری
محمد یوسف عبدُاللہ نوی والا

# سالانہ جائزہ رپورٹ

مُحترم جناب صدر' نائب صدر اور معزز ممبرانِ سوسائٹی

السلام علیکم!

شروع کرتا ہوں ربِ کریم کے بابرکت نام سے جو ہم سب کا خالق و مالک ہے' آج سوسائٹی کے 47ویں سالانہ اجلاس میں آپ سب کی تشریف آوری ہمارے لئے باعثِ عزت ہے! آپ سوسائٹی کے معاملات جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں جو ضروری بھی ہے اور آپ سب کے مفاد میں بھی! میمن نگر کے رہائشی حضرات بخوبی جانتے ہیں کہ اسکیم 33 کی کسی بھی دوسری سوسائٹی نے ایسی جُملہ سہولیات فراہم نہیں کیں جو میمن نگر کی انتظامیہ کمیٹی نے مُہیا کرا رکھی ہیں' ایسے میں اگر معاملات انجام دینے میں وقتی طور پر کمی بیشی ہو جائے تو اسے برداشت کر لینا چاہئے!

سیکٹر 15-A میں سڑکیں بنانے کا کام بے شک تاخیر سے شروع ہوا تاہم بہت سے معاملات ہیں جو لازمی و ضروری دفتری و قانونی کارروائی کی وجہ سے تاخیر کا شکار رہوئے' ایسے میں کہنا چاہوں گا کہ آپ سب کو سوچنا چاہئے کہ ان مُشکل کاموں کے لئے بہت زیادہ فنڈز کی ضرورت بھی ہوتی ہے' ہم نے ربِ تعالیٰ کا نام لے کر اپنے وعدے کے مُطابق کام شروع کرایا جو اَب تکمیل کے قریب ہے تاہم قابلِ افسوس ہے یہ بات کہ پلاٹ ہولڈرز کی جانب سے واجبات کی وصولی میں پیش رفت کی رفتار کم ہے' آپ حضرات سے درخواست کی جاتی ہے کہ ترقیاتی کاموں کے جلد از جلد تکمیل کے پیشِ نظر اپنے ذمے کے واجبات جلد از جلد ادا کریں' آپ کی مہربانی ہوگی!

یوں تو اراکینِ انتظامیہ کمیٹی برائے سال 2017-2018 کی کارکردگی آپ کے سامنے ہے پھر بھی اس کی جائزہ رپورٹ پیشِ خدمت ہے!

CS CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 13-A

1- میمن مسجد میمن نگر

میمن نگر سیکٹر 13-A کو اسکیم 33 گلزار ہجری کے علاقے میں اعزاز حاصل ہے کہ یہاں ایک شاندار مسجد ہے جہاں نماز پنج وقتہ پابندی سے ادا کی جاتی ہیں' مسجد کے احاطے میں قائم مدرسے میں بچوں کو دینی تعلیم دی جاتی ہے اس کے علاوہ ہر سال ماہ رمضان المبارک میں اہل محلہ بڑی دلجوئی سے عبادات میں مصروف رہتے ہیں یوں رُوحانی کیفیت کی فضا قائم ہوتی ہے' نمازی حضرات کی کثیر تعداد اعتکاف میں بیٹھتی ہے' اللہ پاک کی مہربانی سے پورے ماہِ رمضان میں افطاری کا اہتمام کیا جاتا ہے جبکہ ماہ مبارک کے آخری عشرے میں سحری و افطاری دونوں کا اہتمام ہوتا ہے!

2- گارڈن

سوسائٹی انتظامیہ نے پچھلے سال گارڈن کو مزید خوب صورت بنانے میں خاصی توجہ دی ہے' اب میمن نگر سیکٹر 13-A میں ایک نہایت خوب صورت وسرسبز گارڈن دکھائی دیتا ہے جہاں روزانہ سیکٹر 13-A کے رہائشی بچے اور خواتین کھلی ہوا میں تفریح کا بھرپور مزا لیتے ہیں' اس کو خوب صورت اور ہرا بھرا بنائے رکھنے کے لئے اراکین کمیٹی اور ڈاکٹر فرحان صاحب کا بڑا کردار ہے!

3- بجلی کی فراہمی

میمن نگر سیکٹر 13-A میں بجلی کی فراہمی کا کام کافی عرصے پہلے مکمل ہو چکا ہے البتہ Load Shedding کا مسئلہ پورے علاقے میں برقرار ہے' انتظامیہ کمیٹی اس سلسلے میں خط و کتابت کرتی رہتی ہے!

4- روڈ ورک

الحمدللہ اس سیکٹر میں سڑکوں کا کام مکمل ہو چکا ہے جس سے میمن نگر کی گلیاں خوب صورت دکھائی دیتی ہیں' انتظامیہ کمیٹی میمن نگر سیکٹر 13-A کے باسیوں سے اپیل کرتی ہے کہ بغیر اجازت سڑک پر کھدائی کا کام نہ کریں اگر بہت ضروری ہو تو اپنے کام مکمل کرنے کے بعد دوبارہ اُسی حالت میں سڑک کی مرمت ہونی چاہئے تاکہ آنے جانے والوں کو پریشانی نہ ہو اور خوب صورتی بھی قائم رہ سکے!

CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 15-A

1. میمن مسجد میمن نگر

سیکٹر 15-A میں ایک خوب صورت مسجد زیرِ تعمیر ہے جو تقریباً مکمل ہوچکی ہے' اس مسجد میں پنج وقتہ نماز شروع کروا دی گئی ہے!

2. سوئی گیس

سیکٹر 15-A میں رہائشی حضرات کو سوئی گیس کی سہولت حاصل ہے' تمام تعمیر شدہ مکانات پر گیس میٹرز لگ چکے ہیں مزید تعمیر ہونے والے مکانات کو N.O.C کی فراہمی جاری ہے' محکمۂ سوئی گیس کو پچھلے تمام بقایاجات ادا کردیے ہیں اب گیس کے معاملے میں کسی قسم کی کوئی پریشانی نہیں رہی!

3. پانی کی نئی لائنیں

سیکٹر 15-A میں پانی کا بہت بڑا اور دیرینہ مسئلہ تھا جس کو دور کرنے کے لئے انتظامیہ کمیٹی نے پانی کی نئی لائنیں بچھانے کا فیصلہ کیا' اس سلسلے میں M/S Patel Associates کی خدمات حاصل کی گئیں' اُنہوں نے اپنے تجربے کے مطابق چھ فٹ گہری نئی لائنیں بچھائی ہیں' اس وقت ہماری سوسائٹی میں ڈبل لائنوں کا جال بچھ چکا ہے اور اللہ کے فضل سے اس وقت پانی کافی مل رہا ہے!

4. سیوریج لائنیں

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سیکٹر 15-A میں مکمل طور پر نئی سیوریج لائنیں بچھائی جاچکی ہیں لہٰذا اس معاملے میں بھی کوئی پریشانی باقی نہیں رہی!

میں آپ لوگوں کا شکر گزار ہوں کہ آپ تعمیراتی کام بڑے زور و شور سے کر رہے ہیں' اس وقت تقریباً دو سو سے زائد مکانات تعمیر ہوچکے ہیں اور بیس سے پچیس مکانات کے نقشے پاس ہونے کے لئے گئے ہوئے ہیں' عنقریب ان کی تعمیرات شروع ہوجائیں گی دیگر حضرات سے پُرزور اپیل ہے کہ وہ بھی اپنے پلاٹس پر تعمیراتی کام شروع کروادیں تاکہ میمن نگر سیکٹر 15-A اور زیادہ پُررونق نظر آسکے!

نوٹ:

سیکٹر 15-A/1 میں چار سو گز والے پلاٹس (B-01 to B-08) کے مالکان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پلاٹس پر جلد از جلد تعمیراتی کام شروع کرنے کی سعی کریں' آپ کی بڑی مہربانی ہوگی!

CamScanner

# مینجنگ کمیٹی اور دیگر سب کمیٹیز

1- مینجنگ کمیٹی نے اس سال کے دوران سات میٹنگز منعقد کیں جن میں سوسائٹی کے معاملات پر غور وخوض کے بعد متفقہ طور پر فیصلے کئے گئے!

2- ٹرانسفر سب کمیٹی کے کنوینر جناب عبدالواحد موسیٰ صاحب کے زیر سایہ یہ کمیٹی اپنی ذمے داریاں بڑے احسن طریقے سے سرانجام دیے، سال 2017-2018 کے دوران اُنیس میٹنگز ہوئیں اور 76 پلاٹس کے ٹرانسفر عمل میں لائے گئے!

3- ڈیویلپمنٹ سب کمیٹی جس کے کنوینز محمد مُنیر قادری صاحب ہیں، وہ بڑی لگن سے اپنے فرائض سرانجام دیتے رہے ہیں، اس سال ڈیویلپمنٹ سب کمیٹی کی بیشتر میٹنگز ہوئیں جن میں کئی ترقیاتی کاموں کے لئے سفارشات پیش کی گئیں جن کی بنا پر مینجنگ کمیٹی نے بڑے اقدامات اُٹھائے، سیکٹر 15-A میں سڑکیں بنانے کے کام کا بیڑا بھی اسی کمیٹی نے اُٹھا رکھا ہے! انشاءاللہ، سیکٹر 15-A میں سڑکوں کا کام عنقریب مکمل ہونے والا ہے!

4- آڈٹ اینڈ فنانس سب کمیٹی، اس کمیٹی کے کنوینز جناب حاجی عبدالرزاق میمن صاحب نے اپنے فرائض بڑی خوش اسلوبی اور دیانت داری سے ادا کئے اور سوسائٹی اکاؤنٹس کی بڑی باریک بینی سے جانچ پڑتال کرتے ہیں، ان کے ساتھ جناب غُلام حُسین حبیب صاحب اکاؤنٹس سوسائٹی کی دیکھ بھال اور دیگر معاملات میں بھی اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے رہے ہیں!

**آل میمن ویلفیئر کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی**

47واں جنرل باڈی سالانہ جلسہ اور الیکشن بروز اتوار مورخہ 17-03-2019 بوقت 11:00 بجے صبح بمقام سوسائٹی آفس ST-04، سیکٹر 13-A، اسکیم 33 کراچی میں منعقد ہوں گے۔ سوسائٹی کے تمام ممبران سے گزارش ہے کہ وقت کی پابندی کرتے ہوئے اس اہم جلسے میں ضرور شرکت فرمائیں۔ سوسائٹی کے صدر اور 5 کمیٹی اراکین کے لیے الیکشن شیڈول برائے سال 2018-2019 درج ذیل ہے۔

1- نامزدگی کے فارم صرف کوالیفائنگ شیئرز کے حامل افراد سوسائٹی آفس سے مورخہ 06-02-2019 سے 13-02-2019 صبح 11 بجے سے شام 5 بجے تک مبلغ ایک ہزار روپے فی فارم کی ادائیگی پر حاصل کر سکتے ہیں۔

2- نامزدگی فارم بھر کر لفافے میں سوسائٹی آفس میں اعزازی الیکشن کمشنر کے پاس مورخہ 15-02-2019 کو شام 5 بجے تک جمع کرائے جا سکتے ہیں۔

3- نامزدگی کی درخواست کی جانچ پڑتال مورخہ 16-02-2019 کو ہوگی۔

4- تمام امیدواروں کی فہرست سوسائٹی آفس کے نوٹس بورڈ پر مورخہ 23-02-2019 کو جاری کی جائے گی۔

5- اعتراضات اور اپیل مورخہ 26-02-2019 کو شام 4 بجے تک داخل کیے جا سکتے ہیں۔

6- اعتراضات اور اپیل کی سماعت مورخہ 28-02-2019 کو سوسائٹی آفس میں دو بجے سے شام پانچ بجے تک ہوگی۔

7- نامزدگی کی درخواست واپس لینے کی آخری تاریخ مورخہ 02-03-2019 کو شام چار بجے تک ہوگی۔

8- امیدواروں کی حتمی فہرست سوسائٹی آفس نوٹس بورڈ پر مورخہ 08-03-2019 کو شام چار بجے تک جاری کی جائے گی۔

9- الیکشن بروز اتوار مورخہ 17-03-2019 کو سہ پہر ... سے شام پانچ بجے تک ہوگی۔

10- الیکشن سے متعلق مزید معلومات کے لیے سوسائٹی آفس سے رابطہ کریں۔

ایم یوسف عبداللہ نوری والا
(اعزازی جنرل سیکریٹری)

روزنامہ جسارت کراچی
11 فروری 2018ء

# سوسائٹی الیکشن برائے سال 2018-2019

اس سال سوسائٹی کے صدر اور پانچ اراکین انتظامیہ کمیٹی کے لئے الیکشن ہونا تھا، صدر سوسائٹی کے لئے مُقررہ تاریخ تک صرف ایک Nomination Form جمع ہوا تھا اور اراکینِ انتظامیہ کمیٹی کے لئے پانچ ارکان کے چناؤ کے لئے پانچ عدد Nomination Forms جمع ہوئے چونکہ صدر سوسائٹی کے لئے جناب مُحمد حنیف سُلطانی صاحب اکیلے ہی میدان میں تھے اس لئے اُنہیں بلامُقابلہ مُنتخب کرلیا گیا! اراکینِ کمیٹی کے لئے جمع ہونے والے پانچ Nomination Forms بھی بلامُقابلہ مُنتخب ہوگئے جن کے نام ہیں 1- مُحمد یوسف عبدُاللہ 2- حاجی عبدُالرزاق میمن 3- ندیم حبیب 4- مُحمد عامر ولد مُحمد یونس، اور 5- مُحمد اقبال وادھوا صاحب!
ہم اُمید کرتے ہیں کہ مُنتخب صدر اور پانچ اراکینِ انتظامیہ کمیٹی، سوسائٹی کی بہتری کے لئے انتہائی خُلوص اور نیک نیتی کے ساتھ اپنی خدمات سرانجام دیں گے!

دیگر اراکینِ کمیٹی جن میں سینئر ترین ممبر جناب غُلام حُسین حبیب صاحب، حاجی عبدُالرزاق صاحب، جناب عبدُالواحد موسیٰ صاحب، جناب ندیم حبیب صاحب، جناب مُحمد مُنیر قادری صاحب، جناب مُحمد زُبیر عبدُالغفار صاحب، جناب واحد گیگانی صاحب، جناب انیس کریم صاحب اور جناب نعیم حبیب صاحب شامل ہیں، ان سب کا بے حد شُکر گُزار ہوں کہ ان حضرات نے میرے ساتھ ہر مُمکن تعاون کیا!

میں سالانہ آڈٹ رپورٹ کے سلسلے میں سوسائٹی کے آڈیٹرز ساندھو اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا بھی شُکر گُزار ہوں کہ اُن کے اسٹاف نے آڈٹ کے دوران بھرپور تعاون اور پیشہ ورانہ طرزِ عمل کا مُظاہرہ کیا!


میں یہاں سوسائٹی آفس اسٹاف کا بھی شُکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جو بڑی محنت و دیانت سے اپنے فرائض سرانجام دیتے ہیں! آخر میں اُمید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی آپ لوگ اسی طرح خوش دلی سے کام کرتے رہیں گے!

وآخرُ دعوانا ان الحمدُ للہِ رب العالمین
آپ کا خیر اندیش
مُحمد یوسف عبدُاللہ نوی والا


CamScanner

# آل میمن ویلفیئر کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

## اراکین مجلس انتظامیہ
برائے سال
2017-2018



جناب محمد حنیف سلطانی
صدر سوسائٹی



جناب ایم یوسف عبداللہ نوری والا
اعزازی جنرل سیکریٹری

CamScanner


# اراکین مجلس انتظامیہ 2017-2018



جناب حاجی عبدالرزاق میمن



جناب عبدالواحد موسیٰ



جناب غلام حسین حبیب



جناب انیس عبدالکریم




جناب نعیم حبیب



جناب عبدالواحد گیرگانی



جناب ندیم حبیب



جناب محمد منیر قادری



جناب محمد زبیر عبدالغفار

Telephone # 021-34656717

# ALL MEMON WELFARE COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED
## ST-04, SECTOR 13-A, MEMON NAGAR SCHEME-33, KARACHI

ef - AMWCHS/47th AGBM    Karachi dated 04.02.2019

## NOTICE FOR THE 47TH ANNUAL GENERAL BODY MEETING AND ANNUAL ELECTION OF SOCIETY FOR THE YEAR 2018 – 2019

rty-Seventh Annual General Body Meeting for the year 2019 and Election of ociety for the year 2018-2019 will be held on "SUNDAY" the 17th March , 2019 at ain Office, ST-04, Sector 13-A, Memon Nagar Scheme-33, Karachi.

me of Meeting is 11.00 A.M to 01.00 P.M

ollowing Agenda will be transacted at the General Body Meeting

genda: **TILAWAT-E-QURAN SHARIF**

tem # 1 To read and confirm Minutes of the 46th Annual General Body Meeting of Society which was held on 06.05.2018

tem # 2 (i) A brief speech by the President of Society
(ii) Annual Report of Society's activities by H.G.S for the year 2017-2018

tem # 3. To approve and confirm the Accounts and Balance Sheet of Society duly audited by the Chartered Accountants M/s. Sandhu & Company, for the year 2017-2018.

tem # 4. To appoint Auditors of Society for the year 2018-2019 and fix their remuneration.

tem # 5 To elect One President and Five Committeemen for the year 2018-2019 as per Society Bye-laws No.47 (a)

**Retiring President** :- **Mr.Muhammad Hanif Sultani**

**Retiring Committeemen** :-
(i) Mr. M. Yousuf Abdullah
(ii) Haji Abdul Razzak Memon
(iii) Mr. Nadeem Habib
(iv) ________Vacant________
(v) ________Vacant________

em # 6 Any other matter for which a Notice is given to the Committee not less than fourteen (14) days before the Annual General Body Meeting :-

(i) In case the meeting is adjourned for want of QUORUM or because of agenda remains unfinished or due to abnormal condition in the city, the adjourned meeting will be held on **"SUNDAY"** 24th March 2019 at the same place and same time.

(ii) Any member wishing to move any resolution should submit the text duly proposed and seconded in this Society Office during office house minimum 14th days before the Annual General Body Meeting.

**(M.Yousuf Abdullah)**
Hon. Gen.Secy
For A.M.W.C.H.S Ltd, Karachi

CS CamScanner

# ALL MEMON WELFARE

## CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD.



ST-4, SECTOR 13-A, MEMON NAGAR, SCHEME 33, GULZAR E HIJRI, KARACHI.

**PH : 021-34656717**

CamScanner

# ALL MEMON

## WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD.

### MANAGING COMMITTEE OF SOCIETY FOR THE YEAR 2017-2018

1. Mr. Muhammad Hanif Sultani .................... President
2. Mr. Nadeem Habib .................................... Vice President
3. Mr. M.Yousuf Abdullah ............................. Gen. Secretary
4. Mr. Ghulam Hussain Habib ....................... Member
5. Mr. M. Zubair A. Ghaffar .......................... Member
6. Mr. Abdul Wahid Musa .............................. Member
7. Mr. Haji A. Razzak Memon ........................ Member
8. Mr Muhammad Munir Qadri ...................... Member
9. Mr. Abdul Wahid Gigani ............................ Member
10. Mr. Anis Abdul Karim ............................... Member
11. Mr. Naeem Habib ...................................... Member

MEMON NAGAR, SECTOR 13-A & 15-A, SCHEME-33, KARACHI.

CS CamScanner